**19-10-2024**

**13.50 Hrs**

**HL-Opening**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

**Music**

--------------------------------

1 وزیراعظم نریندر مودی آج تیسرے پہر نئی دلی میں کرم یوگی سپتاہ کی شروعات کریں گے۔

2 صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، الجیریا، موریطانیہ اور ملاوی کے تین روزہ دورے کے بعد آج نئی دلی کے لئے روانہ ہوں گی۔

3 وزیر خزانہ نرملا سیتارمن نے کہا کہ اعلیٰ درجے کی الیکٹرانکس مصنوعات کو متنوع بناکر بھارت اور میکسیکو اپنے اقتصادی تعاون کو مستحکم کرنے کی کوشش کرسکتے ہیں۔

4 یوگانڈہ میں MPOX سے متاثرہ افراد کی تعداد 49 ہوگئی ہے۔کسی کی موت کی کوئی خبر نہیں ہے۔

5 اور...... نیو زیلینڈ کے خلاف پہلے کرکٹ ٹسٹ میچ کے آج چوتھے دن بھارت نے اب سے کچھ دیر پہلے تک تین وکٹ پر 356 رن بنالئے تھے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

**PM KARAMYOGI**

وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلی میں کرم یوگی تدریس کے قومی ہفتے کا آغاز کریں گے۔ اِس ہفتے کے دوران، ہر کرم یوگی اپنی صلاحیت کی مناسبت سے، کم سے کم چار گھنٹے کوئی کام سیکھنے کا عزم کرے گا۔

ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ یہ قومی ہفتہ، افراد، وزارتوں، محکموں اور تنظیموں کی مختلف قسم کی سرگرمیوں کے ذریعے انجام دے کر سیکھنے کے لیے وقف ہوگا۔x

**PRESIDENT MALAWI**

صدر جمہوریہ درپودی مرمو، جو کہ ملاوی کے دورے پر ہیں، اپنے تین ملکوں کے دورے کے اختتام پر آج تیسرے پہر نئی دلی روانہ ہوں گی۔ وہ الجیریا، موریطانیہ اور ملاوی کے دورے پر گئی تھیں۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے ان تین ملکوں کے دورے کے نتیجے میں الجیریا، موریطانیہ اور ملاوی کے ساتھ بھارت کے تاریخی رشتوں کا ایک نیا باب کھلا ہے۔ بھارت کے کسی صدر کا ان تین افریقی ملکوں کا پہلا دورہ ہے۔ یہ دورہ افریقہ یونین کو گروپ 20 کا مستقل ممبر بنانے کے ایک سال بعد کیا گیا ہے۔ بھارت کی صدارت میں افریقی یونین کو گروپ 20 میں شامل کیا گیا تھا۔

اپنے ہفتہ بھر طویل دورے میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے تینوں ملکوں کی قیادت کے ساتھ باہمی میٹنگیں کیں اور وہاں رہنے والے بھارتی باشندوں سے بھی بات چیت کی۔ اس دورے سے بھارت کے اس پختہ عزم کا اظہار ہوتا ہے کہ وہ ان افریقی ملکوں کے ساتھ اپنے موجودہ اور خوشگوار تعلقات کو مزید مستحکم کرنا چاہتا ہے۔x

**NIRMALA MEXICO**

مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا ہے کہ بھارت اور میکسیکو کی مشترکہ کوششوں کی بدولت توسیع و تنوع کے ذریعے لچک کو مستحکم بنایا جاسکتا ہے، خاص طور پر سیمی کنڈکٹرس ، Printed سرکٹ بورڈس اور اعلیٰ تکنیکی الیکٹرانکس جیسے اہمیت کے حامل کمپونٹس کیلئے لچک کو مضبوط بنایا جاسکتا ہے۔ وزیر خزانہ نے یہ بات میکسیکو شہر میں تجارت و سرمایہ کاری سے متعلق اشتراک کے بارے میں، بھارت - میکسیکو تجارت و سرمایہ کاری سربراہ کانفرنس میں شرکت کرتے ہوئے کہی۔

میکسیکو کے اقتصادی ترقی کی وزیر محترمہ مَولا زَبولزا اَلداما نے بھی کانفرنس میں شرکت کی۔

اپنے خطاب میں وزیر خزانہ نے کہا ہے کہ بھارت اور میکسیکو کے درمیان تعاون کو کافی زیادہ وسعت مل سکتی ہے اور دونوں ملکوں کے درمیان کئی شعبوں میں اِس تعاون میں مزید گہرائی پیدا ہوسکتی ہے۔

انہوں نے ڈیجیٹل معیشت میں بھارت کے ایک عالمی رہنما کی حیثیت سے ابھرنے کو اجاگر کیا، جس کے دوران UPI جیسی پہل قدمیوں کے ساتھ فن ٹیک یعنی مالی اور تکنیکی شعبے میں 87 فیصد کی شرح سے ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کا استعمال کیا جارہا ہے۔ x

**UTTARAKHAND UC**

اتراکھنڈ میں، مشترکہ سول کوڈ UCC سے متعلق کمیٹی نے کل قواعد اور ضوابط سے متعلق اپنی حتمی رپورٹ

وزیراعلیٰ پُشکر سنگھ دھامی کو پیش کردی۔ شتروگھن سنگھ کی سربراہی میں یہ کمیٹی قائم کی گئی تھی۔ ان قواعد اور ضوابط کے چار جزو ہیں۔ ان میں شادی اور طلاق، شادی کے بغیر ایک دوسرے کے ساتھ رہنے کے اندراج سے متعلق طریقہ کار، پیدائش اور موت سے متعلق اندراج اور جانشینی کا رجسٹریشن اور طریقہ کار شامل ہے۔ x

**ED BIHAR**

انفورسمینٹ ڈائرکٹوریٹ نے بہار میں، کالے دن کو جائز بنانے کے ایک معاملے میں سینئر IAS افسر سنجیو ہَنس اور سابق راشٹریہ جنتا دل MLA گلاب یادو کو گرفتار کیا ہے۔ IAS افسر کو پٹنہ میں ان کی سرکاری رہائش گاہ سے جبکہ گلاب یادو کو کل شام دلی میں ایک تفریح گاہ سے حراست میں لیا گیا ہے۔

اِس سے قبل مرکزی ایجنسی کے اہلکاروں نے توانائی کے محکمے کے سابق پرنسپل سکریٹری سنجیو ہنس کے پٹنہ اور دلی میں مختلف ٹھکانوں پر چھاپے کی کارروائی انجام دی تھی۔

ایجنسی نے آمدنی سے زیادہ اثاثے رکھنے کے معاملے اسپیشل وجیلنس یونٹ SVU کے ذریعے رجسٹر کیے گئے ایک معاملے کی بنیاد پر اُن کے خلاف منی لانڈرنگ کا ایک معاملہ درج کیا تھا۔x

**J&K OATH PRO - TEAM**

مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں و کشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے نیشنل کانفرنس کے اعلیٰ رہنما مبارک گُل کو جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کے عبوری اسپیکر کے طور پر حلف دلایا ہے۔ وہ سری نگر میں عیدگاہ حلقے سے کامیاب ہوئے ہیں۔ انھیں آج راج بھون میں ایک تقریب میں حلف دلایا گیا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ عمر عبداللہ، نائب وزیراعلیٰ سریندر چودھری، سکینہ یتّو، جاوید ڈار، جاوید رعنا اور ستیش شرما سمیت کابینہ وزیر بھی موجود تھے۔ مبارک گُل کو جموں و کشمیر اسمبلی کا عبوری اسپیکر مقرر کیا گیا تھا۔ وہ کل جموں کشمیر اسمبلی کے لئے منتخب ہونے والے نئے ممبروں کو حلف دلائیں گے۔ x

**TERROR INCIDENT - J&K**

جموں و کشمیر میں، لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کل جنوبی کشمیر کے شوپیاں ضلعے کے ایک گاؤں میں دہشت گردوں کے ذریعہ ایک خوانچہ فروش کے وحشیانہ قتل کی مذمت کی ہے۔ مقتول اشوک چوہان، بہار کا رہنے والا تھا۔ ایک پریس اعلانیہ میں، لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا کہ پوری قوم، ان کے اہلِ خانہ کے ساتھ ہے اور یہ کہ ہماری سکیورٹی فورسز، مجرموں کو کیفرِکردار تک پہنچانے کا تہیہ کئے ہوئے ہیں۔ جناب سنہا نے جموں و کشمیر پولیس اور شوپیاں کے ضلع

انتظامیہ کو ہدایت کی ہے کہ وہ سوگوار کنبے کو ہر ممکن امداد فراہم کریں۔
وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی اس دہشت گردانہ واقعے کی مذمت کی ہے اور سوگوار کنبے سے تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ x

## UGANDA MPOX

یوگانڈا میں، MPOX میں مبتلا 49 نئے مریضوں کا پتہ چلا ہے۔ اس طرح اس مرض کا شکار ہونے والے مریضوں کی تعداد بڑھ کر ملک بھر میں 145 ہوگئی ہے۔ ملک کی وزارت صحت نے بتایا ہے کہ یوگانڈا کی راجدھانی کمپالا میں ہی 27 نئے مریضوں کا پتہ چلا ہے اور گذشتہ ہفتے کے مقابلے میں مشرقی افریقہ کے کسی ملک میں اس طرح کے مریضوں کی یہ سب سے بڑی تعداد ہے۔ ملک کے 19 متاثرہ اضلاع میں سے کسی بھی موت کی کوئی اطلاع نہیں ملی ہے۔ x

## UNICEF - SUDAN - CHOLERA RISK

اقوامِ متحدہ کے بچوں سے متعلق فنڈ - UNICEF نے خبردار کیا ہے کہ سوڈان میں پانچ سال سے کم عمر کے پانچ لاکھ بچوں سمیت تیس لاکھ سے زیادہ افراد کو ہیضہ ہونے کا خطرہ درپیش ہے۔ سوڈان کے جنگ سے متاثرہ علاقوں میں 70 فیصد سے زیادہ اسپتال بند پڑے ہیں، جبکہ حفظانِ صحت سے متعلق صف اوّل کے کارکنان کو کئی مہینے سے کوئی اجرت نہیں ملی ہے۔ سوڈان میں خانہ جنگی شروع ہونے کے بعد سے، ہیضہ ، ملیریا، خسرہ اور ڈینگی بخار جیسی وبائی بیماریاں پھوٹ پڑی ہیں، جن کے سبب سینکڑوں لوگوں کی موت ہوچکی ہے۔ یونیسیف کے مطابق، سوڈان میں، سوڈانی فورسز اور Rapid Support فورسز کے درمیان گذشتہ برس اپریل میں داخلی تنازعہ شروع ہونے کے بعد سے، لگ بھگ 50 فیصد لوگوں کو ٹیکے لگائے جاچکے ہیں۔ x

## IRAN - SINWAR DEATH

ایران کے روحانی لیڈر آیت اللہ خامنہ ای نے کہا ہے کہ حماس ، زندہ جاوید ہے اور وہ اپنے رہنما ، یحییٰ Sinwar کی موت کے باوجود سرگرم رہے گا۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر جاری ایک بیان میں، خامنہ ای نے کہا کہ Sinwar کا صدمہ، اسرائیل کے خلاف مزاحمت کیلئے یقیناً تکلیف دہ ہے لیکن یہ مزاحمت Sinwar کی شہادات کے ساتھ بالکل ختم نہیں ہوگی۔ اسرائیل پر 7 اکتوبر کے حملوں میں Sinwar نے کلیدی کردار ادا کیا تھا۔ x

## RUSSIA PREZ PUTIN BRICS

روس کے صدر ولادیمیر پتن نے زور دے کر کہا ہے کہ برکس گروپ کا، اس کے سائز کی وجہ سے آئندہ برسوں میں عالمی اقتصادی ترقی میں سب سے زیادہ حصہ ہوگا اور مغرب کے ترقی یافتہ ملکوں کے مقابلے اِس کی ترقی زیادہ تیز رفتار ہوگی۔

کل ماسکو میں، برکس کے تجارتی فورم سے خطاب کرتے ہوئے، صدر پتن نے کہا کہ ممالک ایک دوسرے سے منسلک ہونے کی وجہ سے عالمی اقتصادی ترقی میں قائدانہ کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مستقبل قریب میں عالمی GDP میں برکس کا حصہ کافی زیادہ رہے گا۔

برکس برازیل، روس، بھارت، چین اور جنوبی افریقہ پر مشتمل ہے اور اب اِس میں مصر، ایتھوپیا، ایران اور متحدہ عرب امارات بھی شامل ہوگئے ہیں۔ روس کے صدر اگلے ہفتے روس کے شہر کازان میں برکس سربراہ کانفرنس کی میزبانی کریں گے۔

وزیر اعظم نریندر مودی اِس کانفرنس میں شرکت کیلئے منگل کو روس کے دو روزہ دورے پر جائیں گے۔

ماسکو میں غیرملکی صحافیوں کے ساتھ گفتگو کرتے ہوئے، روس کے صدر نے کہا کہ برکس، کبھی بھی کسی کے خلاف نہیں رہا ہے۔ اس نظریہ کا سہرا، وزیر اعظم نریندر مودی کے سر باندھتے ہوئے، صدر پوتن نے کہا کہ برکس، کوئی مغرب مخالف گروپ نہیں ہے، بلکہ یہ غیر مغربی گروپ ہے، یوکرین تنازعہ کے بارے میں، صدر پوتن نے کہا کہ روس، اس تنازعہ کو پُرامن طریقے سے حل کرنا چاہتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے مختلف فورموں پر مسلسل اس معاملے کو اٹھایا ہے۔ x

## DELHI - POLLUTION

آلودگی پر کنٹرول سے متعلق مرکزی ادارے - CPCB نے دلّی میں ہوا کے معیار کی سطح کو "ناقص" زمرے میں رکھا ہے۔ CPCB نے کل قومی راجدھانی میں ہوا کے معیار کے اشاریہ - AQI کے 292 رہنے کی خبر دی ہے۔ x

## CRICKET

بنگلورو میں بھارت اور نیوزی لینڈ کے درمیان کھیلے جارہے پہلے کرکٹ ٹسٹ میچ کے چوتھے دن کے کھیل میں بارش کی وجہ سے لنچ مقررہ وقت سے پہلے کردیا گیا۔ جب کھیل روکا گیا سرفراز 125 اور ریشبھ پنت 53 رن پر کھیل رہے تھے۔ بھارت نے جب کھیل روکا گیا تب اپنی دوسری انگ میں تین وکٹ کے نقصان پر 344 رن بنالئے تھے۔ x

**ARCHERY WORLD CUP 2024**

تیر اندازی کا ورلڈ کپ فائنل- **2024** آج میکسیکو کے شہر **TLAXCALA - DE - XICOHTENCATI** میں شروع ہورہا ہے۔ اس چیمپئن شپ میں حصہ لینے والے پانچ بھارتیوں میں ایشیائی کھیلوں میں سونے کا تمغہ حاصل کرنے والی جیوتی سُریکھا **Vennam** ، اولمپک کھیلوں میں حصہ لینے والی دیپکا کماری اور دھیرج **Bomma-Devara** اور **Priyansh** نیز **Prathamesh - Fuge** شامل ہیں۔

مردوں کے کمپاؤنڈ انفرادی مقابلے آج بھارتی وقت کے مطابق رات ساڑھے نو بجے شروع ہوں گے۔ اس چیمپئن شپ میں **32** ممتاز تیرانداز شرکت کررہے ہیں۔ **x**

**REPEAT HEADLINES**

آخر میں اہم خبریں ایک بار پھر

1. وزیراعظم نریندر مودی آج تیسرے پہر نئی دلی میں کرم یوگی سپتاہ کی شروعات کریں گے۔
2. صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، الجیریا، موریطانیہ اور ملاوی کے تین روزہ دورے کے بعد آج نئی دلی کے لئے روانہ ہوں گی۔
3. وزیر خزانہ نرملا سیتارمن نے کہا کہ اعلیٰ درجے کی الیکٹرانکس مصنوعات کو متنوع بناکر بھارت اور میکسیکو اپنے اقتصادی تعاون کو مستحکم کرنے کی کوشش کرسکتے ہیں۔
4. یوگانڈہ میں **MPOX** سے متاثرہ افراد کی تعداد **49** ہوگئی ہے۔کسی کی موت کی کوئی خبرنہیں ہے۔
5. اور...... نیو زیلینڈ کے خلاف پہلے کرکٹ ٹسٹ میچ کے آج چوتھے دن بھارت نے اب سے کچھ دیر پہلے تک تین وکٹ پر **356** رن بنالئے تھے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------